© rasailojaraid.com



دار العلوم حقانیہ کے قدیم فاضل اور علاقہ کے بزرگ روحانی پیشوا مولانا سید رحیم اللہ باچا صاحب اور مولانا سید نثار اللہ باچا مہتمم دار العلوم اسلامیہ اضاخیل کی ہمشیرہ کی وفات پر ان کے لئے دعائے مغفرت اور پسماندگان کے لئے صبر جمیل کی دعا کی گئیں۔ نیز ملتان کے دینی حلقوں کی مقتدر شخصیت اور جمعیۃ علماء اسلام (س) کے سرکردہ مخلص رہنما مولانا مفتی منظور صاحب شیخ الحدیث قاسم العلوم کی وفات پر اظہار افسوس کیا گیا اور ان کے لئے بھی دعائے مغفرت کی گئی۔

## جمعیت علماء اسلام نظریاتی گروپ کے سربراہ مولانا عصمت اللہ کی مولانا سمیع الحق سے خصوصی ملاقات:

جمعیت علماء اسلام (نظریاتی) گروپ کے سربراہ مولانا عصمت اللہ ایم این اے کی قیادت میں ایک اعلیٰ سطحی وفد نے دار العلوم حقانیہ میں جمعیت علماء اسلام کے سربراہ مولانا سمیع الحق سے خصوصی ملاقات کی۔ وفد میں مولانا عبد القادر لونی مولانا خلیل احمد مخلص، نجیم خان ایڈووکیٹ' مولانا محمد حنیف' داد محمد' قاری عبد الوہاب شامل تھے۔ ملاقات میں دونوں قائدین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ پاکستان کو موجودہ درپیش خطرات کو روکنے کے لئے ہم مشترکہ جدوجہد کی ضرورت ہے اور مشترکات پر ملک وملت کی آزادی اور بقاء کے لئے ہماری جدوجہد میں ہم آہنگی اور یکجہتی ہونی چاہیے بالخصوص بلوچستان اور قبائلی علاقوں کے خلاف عالمی اور ملکی سازشوں کا ڈٹ کر مقابلہ کرنے کا وقت ہے اور امریکہ کی مدارس اور دینی طبقوں کے خلاف نفرت انگیز پالیسی کی بھرپور مزاحمت کرنی چاہیے۔ اجلاس میں اس بات پر بھی شدید افسوس کا اظہار کیا گیا کہ بعض قوتیں دیدہ دانستہ طور پر پاکستان کی اسلامی تشخص کو مٹانے کے درپے ہیں جو یقیناً ملک کے 18 کروڑ عوام کے جذبات سے کھیلنے کے مترادف ہے۔ مولانا سمیع الحق مدظلہ نے گفتگو کے دوران کہا کہ پاکستان کو درپیش خطرات اور چیلنجز کا مقابلہ صرف اور صرف علماء اور دینی جماعتوں کے اتحاد سے کیا جاسکتا ہے۔ نظریاتی گروپ کے سربراہ مولانا عصمت اللہ نے مولانا سمیع الحق سے اپیل کی کہ ان نازک حالات میں پہلے کی طرح تمام دینی جماعتوں کو ایک بار پھر متحدہ پلیٹ فارم پر جمع کرنے کے لئے اپنا قائدانہ کردار ادا کریں اس لئے کہ موجودہ بحرانوں کا مقابلہ تنہا کوئی جماعت اور لیڈر نہیں کرسکتا۔

## اساتذہ دار العلوم کا سفر حج:

بحمد للہ اس سال بھی دار العلوم کے کئی اساتذہ اور متعلقین سعادت حج سے مشرف ہوئے۔ مولانا مفتی مختار اللہ حقانی' مولانا راشد الحق ایڈیٹر الحق' مولانا سعید الرحمان مدرس مولانا وصال احمد ناظم تعلیمات مولانا ارشد علی شاہ مدرس۔ رائے ونڈ کے سالانہ اجتماع میں بھی دار العلوم کے کئی اساتذہ اور بڑی تعداد میں طلبہ نے شرکت کی۔

---

© rasailojaraid.com